مجلّہ فقہ اسلامی میں قسمِ عربی (Arbaic Section) کا آغاز

ایک عرصہ سے ہمارے بعض علم دوست احباب یہ تجویز دیتے چلے آرہے ہیں کہ جس طرح اس علمی وتحقیقی مجلّہ میں اردو کے بڑے حصے کے ساتھ انگریزی مضامین کے لئے ایک حصہ مخصوص ہے ایسے ہی اس میں عربی مضامین کے لئے بھی ایک حصہ مختص ہونا چاہئے کہ فقہ اسلامی سے دلچسپی رکھنے والے علماء کرام وطلبہ مدارس اسلامیہ کا تعلق عربی سے بہرطور ہے اور انہیں عربی میں مضامین پڑھنے کا اشتیاق رہتا ہے۔

چنانچہ اپنے دوستوں کی اس رائے کے احترام میں ہم عربی حصے کا آغاز کررہے ہیں مگر اس میں بھی انگریزی حصہ کی طرح صرف فقہی مضامین ہی شائع ہوسکیں گے۔اور ترجیح اول ان مضامین کو حاصل رہے گی جو عرب علماء وطلبہ کے تحریر کردہ ہوں گے۔علاوہ ازیں عربی زبان میں فقہی سوال وجواب کا ایک سلسلہ بھی جاری ہوگا۔

چنانچہ زیرِ نظر شمارہ میں معروف عرب عالم ڈاکٹر عبدالجواد خلف عبدالجواد حنفی مصری کا ایک مضمون اور چند فقہی نوعیت کے سوالات وجوابات شامل ہیں۔ہم امید کرتے ہیں کہ اس اقدام سے جہاں ہمارے علم دوست احباب کی ایک دیرینہ خواہش کی تکمیل ہوگی وہیں ہمارے مدارس اسلامیہ کے فاضل طلبہ ومعزز اساتذہ کرام کو بھی خاصا فائدہ پہنچے گا۔اللہ تعالی سے دعاء ہے کہ مجلس ادارت مجلّہ فقہ اسلامی کو استقامت کے ساتھ یہ سلسلہ علمیہ جاری رکھنے کی توفیق مرحمت فرمائے۔(آمین)

عالم بنو عالم بناؤ..........ملک وقوم اور دین بچاؤ

بغیر علم کے اللہ کی معرفت حاصل نہیں ہوسکتی، دنیاوی علم اللہ کی معرفت عطا نہیں کرتا، یہ دینی علم ہی کی شان ہے کہ وہ اللہ سے ملاتا ہے۔ دنیاوی علم محض وسیلۂ روزگار ہے۔

علماء کی قدر کیجئے..........عالم بنئے..........جاہل رہنے پر قناعت مت کیجئے

تحریکِ فروغِ علم وآگہی